مدیر کے نام

محمد نورالہدیٰ محسن ،لاہور

'ہمارے معاشی مسائل اور بجٹ' (جولائی ۲۰۱۶ء) میں پروفیسر خورشیداحمد صاحب نے ایک مختلف انداز میں درپیش معاشی مسائل کا تجزیہ کیا ہے۔ حکومت کی معاشی کارکردگی کا گذشتہ برس اور انتخابی منشور سے موازنہ کیا ہے، نیز ملکی دستور کے تناظر میں بھی جائزہ لیا ہے اور سود کے خاتمے کے لیے دستوری مطالبے سے انحراف کی طرف توجہ دلائی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حزبِ اختلاف حقیقی کردار ادا کرتے ہوئے قانون سازی اور ملک وقوم کے مفاد میں پالیسی سازی کے لیے اقدامات اُٹھائے۔ عوامی سطح پر رائے عامہ کو ہموار کر کے معاشرتی بگاڑ بالخصوص کرپشن اور بددیانت قیادت سے نجات اور محبِ وطن دیانت دار قیادت کو بروے کار لانے کی کوشش کی جائے تو تبدیلی کی صحیح سمت میں پیش رفت ہوسکتی ہے۔

فرحت طاہر ،کراچی

'عورت، سماجی تبدیلی اور ذمہ داریاں' (جولائی ۲۰۱۶ء) میں بہترین طریقے سے موضوع کا احاطہ کیا گیا ہے۔ یہ وقت کی آواز ہے جسے مصنفہ نے کماحقہ حساسیت کے ساتھ ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ عورت کے سماجی کردار کے حوالے سے کسی خاتون کی تحریر معنی خیز، معتبر اور توانا سمجھی جائے گی کیوں کہ مرد کی آواز کو اس معاملے میں بہرحال نسبتاً شکوک وشبہات کے تناظر میں ہی پرکھا جاتا ہے۔ مصنفہ نے خواتین کے ایک ادارے کے سربراہ کی حیثیت سے اعداد وشمار اور زمینی حقائق کے ساتھ مکمل منظرکشی کی ہے اور آخر میں 'کرنے کے کام' کے عنوان سے ہر طبقۂ فکر کو اس کی ذمہ داری یاد دلائی ہے۔ اس ضمن میں فرد کو اپنے حصّے کا کام، جب کہ اداروں، تنظیموں اور تحریکوں کو اپنی ذمہ داری ادا کرنی ہوگی۔ جب تک ہم ٹھوس معاشرتی، سماجی، تعلیمی اور تفریحی متبادل نہیں مہیا کریں گے عوام الناس کی توجہ سے محروم رہیں گے۔

خالد خان ،ای میل

ڈاکٹر عائشہ صدیقہ کا مضمون: 'اپنے رب کی مغفرت اور جنت کی طرف دوڑو اور آگے بڑھو!' (جون ۲۰۱۶ء) پڑھا۔ اس کو پڑھنے کے بعد ایک مسلمان کے اندر حصولِ جنت کے لیے ایک تحریک جنم پاتی ہے۔ اللہ رب العزت ڈاکٹر صاحبہ کو جزائے خیر دے۔

ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن

www.tarjumanulquran.org — انٹرنیٹ پر دیکھا جاسکتا ہے